**Şarkiyat Mecmuası**
***Journal of Oriental Studies***

İSTANBUL UNIVERSITY PRESS

Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 42, (2023): 473-484
DOI: 10.26650/jos.1189425

Araştırma Makalesi / *Research Article*

# اردو صحافت کی ترقی واستحکام میں مولانا ابوالکلام آزاد کا کردار

# Urdu Gazeteciliğinin Gelişim ve İstikrarında Mevlana Ebû'l Kelâm Azâd'ın Rolü

# The Role of Maulana Abul Kalam Azad in the Development and Stability of Urdu Journalism

Zekai KARDAŞ[1]

[1]İstanbul Üniversitesi, Edebiyat Fakültesi, Doğu Dilleri ve Edebiyatları Bölümü, İstanbul, Türkiye

ORCID: Z.K. 0000-0002-4934-3798

**Sorumlu yazar/Corresponding author:**
**Zekai Kardaş ( Doç. Dr.),**
İstanbul Üniversitesi, Edebiyat Fakültesi, Doğu Dilleri ve Edebiyatları Bölümü, İstanbul, Türkiye
E-posta: kardas@istanbul.edu.tr

**Başvuru/Submitted:** 14.10.2022
**Revizyon Talebi/Revision Requested:** 20.10.2022
**Son Revizyon/Last Revision Received:** 28.01.2023
**Kabul/Accepted:** 29.01.2023

**Atıf/Citation:** Das, Fuat. "Urdu Gazeteciliğinin Gelişim ve İstikrarında Mevlana Ebû'l Kelâm Azâd'ın Rolü." *Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 42* (2023), 473-484. https://doi.org/10.26650/jos.1189425

**خلاصه**

مولانا ابوالکلام آزاد، جو 1888 میں پیدا ہوئے، انہوں نے ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ اسی وجہ سے ہندوستان کی تاریخ میں ان کا نام ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ، ابوالکلام آزاد، جو ترکوں کے لیے اپنی ہمدردی اور تعریف کے لیے جانے جاتے ہیں، انھوں نے عثمانی اور ہندوستانی تعلقات کے تناظر میں ہندوستانی مسلمانوں کے شعور کو بیدار کرنے میں فعال کردار ادا کیا۔

دوسری طرف عثمانیوں کو کریمیا کی جنگ، 93 کی روسی جنگ، طرابلس اور بلقان کی جنگوں کے دوران دشواری کا سامنا کرنا پڑا تھا، اس وجہ سےہندوستانی مسلمان جو برطانوی راج میں تھے، بڑی بے چینی کے ساتھ اس پریشان کن صورت حال کا پیچھا کر رہے تھے کیونکہ وہ لوگ سلطنت عثمانیہ کو اپنا محافظ سمجھتے تھے۔ اسی دوران، کچھ شخصیات جیسے کہ مولانا ظفر علی خان اور محمد علی۔ شوکت علی برادران، جن میں ابوالکلام آزاد بھی شامل ہیں، ترکوں کے حالات کو قریب سے دیکھ کر ہندوستانی عوام میں بیداری پیدا کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اس دور میں شائع ہونے والے اخبارات میں ابوالکلام آزاد کا الہلال، مولانا ظفر علی خان کا زمیندار اور محمد علی کا کامریڈ بہت مشہور تھے۔

مولانا ابوالکلام آزاد جو کہ ایک ہمہ گیر شخصیت کے مالک ہیں، اپنے اخبار الہلال کے ذریعے ترکوں کے بارے میں مسلسل خبریں دیتے رہتے تھے، اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے اخبار کے ذریعے امدادی مہم بھی چلائی تاکہ ترک عوام کی مدد کی جا سکے۔

الہلال جلد ہی ہندوستان بھر میں برطانوی حکومت پر اپنی شدید تنقید کی خبروں سے مشہور ہو گیا۔ ہفتہ وار شائع ہونے والا الہلال جلد ہی سب سے زیادہ فروخت ہونے والے اردو اخبارات میں سے ایک بن گیا۔

ابوالکلام آزاد جنھوں نے الہلال کے ساتھ برصغیر پاک و ہند میں صحافت کی نئی تفہیم کا آغاز کیا، خاص طور پر مسلم ہندوستانی صحافت کے لیے ایک شناخت حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

**کلیدی الفاظ:** اردو، صحافت، آزاد، ہندوستان

**ÖZ**

1888 yılında doğan Mevlana Ebul Kelam Azad, Hindistan'ın özgürlük mücadelesinin şekillenmesinde önemli bir rol üstlenmiştir. Bu sebeple Hindistan tarihinde adı önemli bir yere sahiptir. Ayrıca Türklere duyduğu sempati

This work is licensed under Creative Commons Attribution-NonCommercial 4.0 International License

ve hayranlıkla da tanınan Ebul Kelam Azad Osmanlı-Hindistan ilişkileri bağlamında özellikle Hint Müslümanlarının bilinçlenmesinde de aktif rol almıştır.
Diğer yandan İngiliz yönetimi altında bulunan Hint Müslümanları Halifeliği elinde bulundurması yüzünden kendilerine hami olarak gördükleri Osmanlı İmparatorluğunun sırasıyla girdiği Kırım harbi, 93 Rus harbi, Trablus savaşı ve Balkan savaşları esnasında düştüğü sıkıntılı durumu endişeyle takip etmekteydiler. Bu dönemde, Ebul Kelam Azad'ın da aralarında bulunduğu Mevlana Zafer Ali Han ve Muhammed Ali-Şevket Ali kardeşler gibi bazı şahsiyetler özellikle Türklerin durumunu yakından takip ederek Hint halkını bilinçlendirmeye gayret gösteriyorlardı. Bu dönemde çıkan gazeteler arasında Ebul Kelam Azad'ın çıkardığı el-Hilal Gazetesi, Mevlana Zafer Ali Han'ın çıkardığı Zemindar gazetesi ve Muhammed Ali'nin çıkardığı Comrade gazetesi bu dönemde yayınlanan en ünlü gazetelerdendir.
Çok yönlü bir kişiliğe sahip olan Mevlana Ebul Kelam Azad bu dönemde çıkardığı el-Hilal adlı gazete ile sürekli Türkler hakkında haberlere yer veriyor ve aynı zamanda Türk halkına destek olmak amacıyla gazete aracılığıyla yardım kampanyaları düzenliyordu. İngiliz hükümetine karşı yaptığı şiddetli eleştiri haberleriyle el-Hilal kısa zamanda tüm Hindistan'da bilinir hale gelmişti. Haftalık olarak basılan el-Hilal kısa zamanda Hindistan'ın en çok satan Urduca gazetelerinden biri haline gelmişti. El-Hilal gazetesi ile Hint-Alt kıtasında yeni bir gazetecilik anlayışı başlatan Ebul Kelam Azad özellikle Müslüman Hint gazeteciliğinin bir kimlik kazanmasına vesile olmuştur.
**Anahtar Kelimeler:** Urdu, Gazetecilik, Azad, Hindistan

**ABSTRACT**
Maulana Abul Kalam Azad was born in 1888 and played an important role in shaping India's struggle for freedom. For this reason, his name has an important place in India's history. Abul Kalam Azad was known for his sympathy and admiration of the Turks and additionally took an active role in raising awareness of Indian Muslims in the context of Ottoman-Indian relations.
The Indian Muslims under British rule had anxiously been following the Ottoman Empire, which had faced troubling situations during the Crimean War, the 1887-1888 Ottoman-Russian War, the Battle of Tripoli, and the Balkan Wars, as Indian Muslims saw the Turks as their protector, especially due to the Ottoman claim to the Islamic Caliphate. During this period, some personalities such as Maulana Zafar Ali Khan, the brothers Muhammed Ali and Shauqat Ali, as well as Abul Kalam Azad attempted to raise awareness of the Indian Muslims by closely watching the situation of the Turks. To maintain this purpose, they began publishing as products of this idea the following newspapers: *Al-Hilal* was published by Abul Kalam Azad, *Zamindar* was published by Maulana Zafar Ali Khan, and *Comrade* was published by Muhammed Ali. These newspapers later became very popular and were called the Freedom Newspapers.
Maulana Abul Kalam Azad had a versatile personality and constantly provided news about the Turks through his newspaper *al-Hilal*. At the same time, he organized aid campaigns through *al-Hilal* in order to support the Turkish people. *Al-Hilal* soon became known throughout India through its fierce criticism of the British government. Published weekly, it soon became one of India's best-selling Urdu newspapers. Abul Kalam Azad started a new understanding of journalism in the Indian subcontinent with his newspaper *al-Hilal* and was instrumental in gaining an identity for Indian Muslim journalism in particular.
**Keywords:** Urdu, Journalism, Abul Kalam Azad, India

## EXTENDED ABSTRACT

After the British colonized the Indian subcontinent, the Muslims of the region regarded the Caliph as a spiritual backing power, so they increased their loyalty to the Ottoman Empire and the Caliph. They anxiously watched the situations the Ottoman Empire faced during its final era and tried every possible way to help the Ottoman Empire. The Indian people who intensely watched the news about the Tripoli and Balkan Wars through the Muslim Indian Press organized nationwide donation campaigns to help the Ottoman Empire financially.

One of the most important newspapers of this period was *al-Hilal*, which started its publication life on July 13, 1912 under the editorship of Abul Kalam Azad and supported the Ottoman Empire with its publications. News about the Ottoman Empire and the Turks were regularly published in the newspaper under such headlines as “Heroes of Tripoli Gaza,” “Ottoman Affairs,” “Istanbul Post,” and “Heroes of Balkan War.”

*Al-Hilal* was generally published to reflect the political views of Abul Kalam Azad and often included letters from readers and open discussions. The newspaper made its main impact with its publications on British colonialism and its support for the Ottoman Empire.

Published at a medium size of 18-20, *al-Hilal* was meticulously printed. In terms of the fonts used and page design, *al-Hilal* was printed so as to be more pleasing to the public compared to the other newspapers of the period. Azad stated that *al-Hilal* should give a strong newspaper image through both its content as well as its appearance.

Abul Kalam Azad was among the most important figures in the history of India in the 20th century with his pan-Islamist thoughts and active struggle for India’s independence. He used the pseudonym of Azad to reflect his views on the freedom struggles of oppressed nations, as well as to express the level he’d reached in his own world of thought. Azad supported the Ottoman Empire and the caliphate with great courage and was also among those who praised the establishment of the Turkish Republic. He evaluated the abolition of the caliphate as the end of the dualism seen since the establishment of Türkiye. According to Azad, the political and religious authority of the caliph is a whole and is unlike the papacy in Catholicism. The caliphate is the power of attorney, and this power of attorney does not necessarily have to be represented by a person. The most powerful Muslim state naturally assumed the caliphate. Therefore, the caliphate is still in the hands of the Turkish state.

Azad was also influenced by the Pan-Islamic ideas of Jamaluddin Afghani. Afghani said that the problems faced by the Islamic world today stemmed from a lack of political unity. The reinterpretation of Islamic law and reorganization of Islamic institutions would only be possible in a pan-Islamic society, and this society would be under the symbolic rule of a single and universal caliph. For this purpose, Azad published a series of articles in the weekly magazines *al-Hilal* and *al-Balagh*. The conferences and communiqués he gave after World War I in particular saw him touch heavily upon the issue of Pan-Islamism.

Due to Maulana Abul Kalam Azad’s versatile personality, he produced successful works in many different fields. He was an enthusiastic nationalist who believed that Indian Muslims should unite with Hindus and fight for independence. He took steps in this direction together with Hindus and attempted to enable people to develop the cultural and educational fields. He achieved great success in the fields of literature and journalism, with many of the articles in *al-Hilal* having been written under the name of Abul Kalam Azad.

## تعارف

صحافت کو اپنے آغاز سے ہی سماجی سرگرمی کا سب سے موثر نمائندہ سمجھا جاتا ہے اور سماج کو آگے بڑھانے میں صحافت سے بہتر کوئی دوسری سماجی اور فکری سرگرمی نہیں ہوسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ آزادی سے پہلے کے دور کے متعدد سیاسی رہنما، ماہرین تعلیم، سماجی اصلاح پسند اور نظریاتی رہنما جیسے سر سید احمد خان، مولانا محمد علی، مولانا ابوالکلام آزاد اور ظفر علی خان نے اپنے جرائد کا آغاز کیا لیکن انھوں نے یہ عمل ادبی فضیلت کے لیے یا طاقت کے ڈھانچے میں اپنے لیے جگہ بنانے کے لیے نہیں بلکہ رائے عامہ کو غیر ملکی حکمرانی کے خلاف ڈھالنے کے لیے شروع کیا تھا۔

اس تناظر میں ابولکلام آزاد، جن کا نام ہندوستان کی آزادی کی تاریخ میں ایک اہم مقام رکھتا ہے، بلاشبہ انھوں نیبیہ شہرت اپنی صحافت کی وجہ سے حاصل کی۔ ہندوستان میں مسلم صحافت کی تشکیل اور تاثیر میں مولانا ابوالکلام آزاد کا بڑا حصہ ہے۔

## ابوالکلام آزاد کی زندگی

مولانا ابو الکلام آزاد 1888 میں مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ وہ ہندوستانی تحریک آزادی کے ممتاز رہنماؤں میں سے ایک ہیں۔ ابوالکلام آزاد کے والد، مولانا خیرالدین (1831-1908) کا تعلق ہرات، افغانستان کے علاقہ سے تھا۔ ابو کلام کے والد ایک دانشور خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور وہ ایک مذہبی رہنما تھیانھوں نے اسلامی علوم پر کئی مضامین بھی لکھے تھے۔ وہ مدینہ کے مفتی شیخ محمد بن ظہیر الواطری کے بھتیجے ہیں، جن کی والدہ عرب نژاد اور ایک مسلمان عالم ہیں۔ عظیم ہندوستانی بغاوت کے دوران،جسے 1857 کی سپاہی بغاوت بھی کہتے ہیں، بہت سے مسلمان ہندوستان کے حالات سے پریشان ہوئے اور انہیں اپنا ملک چھوڑنا پڑا۔ ایسے ماحول میں ابو کلام کے والد بھی ہندوستان چھوڑ کر مکہ میں آباد ہو گئے۔[1]

مکہ میں ان کے والد کے علمی مطالعات نے عثمانی سلطان عبدالمجید اول کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی اور انہیں انعام دینے کے لیے استنبول مدعو کیا۔ بعد میں ان کی بہت سی تخلیقات قاہرہ سے سلطان کی سرپرستی میں شائع ہوئیں۔ یہ کہنا بجا ہو گا کہ ابو کلام اور ان کے خاندان سے ترکوں کی خصوصی دلچسپی رہی۔[2]

نوجوانی میں ابو کلام نے اردو اور فارسی شاعری میں اپنی دلچسپی بڑھا دی۔ اس دور میں، ابوالکلام نے تخلص کے طور پر آزاد کا لفظ انتخاب کیا، جو خود پر مسلط کیے جانے والے نظریات سے نجات پاکر آزاد ہونے کی علامت ہے۔ آزاد کو اپنی جوانی کے دوران جن حلقوں کا سامنا ہوا انھوں نے ان کے نقطہ نظر اور نظریات کی توسیع میں اہم کردار ادا کیا۔ اس طرح انھوں نے اپنے نظریات کو کٹر ذہنیت سے آزاد کرنے کا راستہ تلاش کیا۔[3]

اگلے برسوں میں ابو کلام کو بھی سر سید احمد خان کی تحریروں میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ یہ تحریریں ان کے لیے ایک نئی دنیا کے

1 Malik Ram, *Kuch Abul Kalam Azad ke Bare Mein*, (New Delhi: Maktaba Jamia, 1989), 25.

2 Ian Henderson Douglas, *Abul Kalam Azad, An Intellectual and Religious Biography*, ed. Gail Minault-Christian W. Troll, (Delhi: Oxford University Press, 1993), 43.

3 Abul Kalam Azad, *Azad ki Kahani Khud Azad ki Zabani*, ed. by Malihabadi, Abdur Razzaque, (Lahore: Hali Publishing House, 1958), 32.

دروازے کھولتی نظر آتی تھیں۔ ان کے سیکھنے کا طریقہ اور خیالات بالکل بدل چکے تھے۔ وہ اس بات کے قائل تھے کہ انسان اس وقت تک مکمل طور پر تعلیم یافتہ نہیں ہو سکتا جب تک وہ جدید علوم، فلسفہ اور ادب کی تعلیم حاصل نہ کرے۔ اس لییانھوں نے پہلے انگریزی سیکھنے کا فیصلہ کیا۔ جب انھوں نے انگریزی پوری طرح سیکھ لی تو اس زبان میں لکھی گئی تاریخ اور فلسفے کی کتابیں پڑھنا شروع کر دیں۔[4]

ابو کلام، جو سر سید احمد خان سے بہت متاثر تھے، مسلسل اپنے خیالات اور کاموں کے بارے میں لکھتے رہے۔

کلکتہ میں انھوں نے احسان الاخبار نامی ایک جریدے میں مسلم معاشرے کی اصلاح کی ضرورت پر کچھ بتاتے ہوئے ایک مضمون لکھا۔ اس مضمون میں جب انھوں نے محرم میں عاشورہ کی تقریبات کے بعض پہلوؤں پر تنقید کی، اس وقت ایک شیعہ سنی کشیدگی پیدا ہوئی۔ نتیجتاً یہ رسالہ 1902ء میں بند ہو گیا۔ نومبر 1903 میں، انھوں نے ایک نیا دو ہفتہ وار لسان الصدق نامی ایک رسالہ شائع کرنا شروع کیا۔ 1903 اور 1904 کے درمیان کل 7 شمارے جاری ہوئے۔ بعد میں جب ابو غلام بمبئی چلے گئے تو یہ رسالہ بھی وہاں منتقل ہو گیا لیکن جلد ہی ابو کلام کے عراق کے سفر کی وجہ سے اسے بند کرنا پڑا۔[5]

ان برسوں کے دوران، جہاں آزاد کی سیاسی رائے میں تبدیلیاں ہونے لگیں وہاں ہندوستان بھی سیاسی بحران کا شکار تھا۔ آزاد کو اس عرصے میں سیاست میں دلچسپی ہوئی اور وہ ہندوستان کی آزادی کے لیے کام کرنے والی خفیہ تنظیموں میں شامل ہو گئے۔ 1908 میں وہ ایک طویل سفر پر نکلے جس میں عراق، مصر، شام، اناطولیہ اور فرانس شامل تھے۔ اس سفر کے دوران انہیں عراق میں ایرانی انقلابیوں سے ملنے کا موقع ملا۔ جب وہ قاہرہ گئے تو مصطفی کامل پاشا (1908-1847) کے جنازے کے دوران اپنے پیروکاروں کے ایک گروپ سے ملے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ ان لوگوں کے خیالات اور سید احمد خان کے دلائل میں مماثلت ہے۔ یہاں ان کی ملاقات Young Turks کے ایک گروپ سے ہوئی، جو قاہرہ میں قائم اپنے ہفتہ وار رسالے شائع کر رہے تھے۔ اس نے وہاں موجود عرب اور ترک دانشوروں سے تبادلہ خیال کیا۔[6] انھوں نے Young Turk تحریک کے بعض سرکردہ ارکان کے ساتھ دوستی قائم کی، خاص طور پر مصر اور ترکی میں، اور طویل عرصے تک ان کے ساتھ اپنی وابستگی برقرار رکھی۔ اپنی یادداشت میں، آزاد کہتے ہیں کہ اس سفر نے ان کے سیاسی خیالات پر گہرا اثر ڈالا اور اب وہ زیادہ سے زیادہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو ایک نئی سیاسی تحریک شروع کرنی چاہیے جو ملک کی آزادی کے لیے کام کرے گی۔[7]

آزاد، جو Young Turks کے نظریات سے بہت متاثر تھے، ہندوستان واپس آتے ہی مزید موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کی کوشش کی۔ اس لیے انھوں نے اخبار نکالنے کا فیصلہ کیا۔ اپنے الفاظ میں، آزاد، جس کا خیال تھا کہ اس دور کا مسلم صحافت مواد اور ہیئت کے لحاظ سے ناکافی تھا، اس کی ظاہری شکل مضبوط اور متاثر کن ہونی چاہیے۔ وہ سوچتے تھے کہ آزادی کی راہ میں پہلا کام رائے عامہ بنانا ہے۔ اسی لئے جون 1912 میں انھوں نے الہلال کے نام سے ایک ہفتہ وار اخبار نکالنا شروع کیا۔[8]

---

4 Ram, *Kuch Abul Kalam Azad ke Bare Mein*, 95.

5 Henderson Douglas, *Abul Kalam Azad, An Intellectual and Religious Biography*, 52.

6 Naimur Rahman Farooqi, *Mughal-Ottoman Relations: A Study of Political and Diplomatic Relations Between Mughal India and the Ottoman Empire 1556-1748*, (Delhi, India: Idarah-i Adabiyat-i Delli,1989), 78.

7 Abid Raza Bedar, *Maulana A bul Kalam Azad*, (Rampur: Institute of Oriental Studies, 1968), 290.

8 M. Naeem Qureshi, *Pan-Islam In British India*, (Oxford, England: Oxford University Press, 2009), 178.

الہلال نے ایک طرف اسلام کے ماخذ کی بنیاد پر احیاء پسندی کا دفاع کیا تو دوسری طرف ہندوستانی قوم پرستی کا دفاع کرنے لگا۔ خاص طور پر بلقان جنگ (1913-1912) کے دوران اس نے مسلسل عثمانیوں کی حمایت کی اور سلطنت عثمانیہ کی مدد کے لیے مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران، آزاد خلافت عثمانیہ کا سرگرم محافظ بن گیا۔ جیساکہ ان کی تحریریں، جو آزادی اور قوم پرستی کے مضبوط موضوعات پر مشتمل ہیں، اور جو برطانوی حکومت کے خلاف لکھی گئی تھیں، ان تحریروں کا عوام پر بہت اثر تھا۔ برطانوی انتظامیہ کے مطابق مسلمانوں کے ایک گروہ نے یہ احساس پیدا کیا کہ ان کی حالت خطرے میں تھی۔ ان لوگوں نے ابوالکلام آزاد اور الہلال کی شدید مخالفت کی۔ ان حالات نے برطانوی حکومت کو ایک موقع فراہم کیا اور 1915 میں الہلال کو بند کر دیا گیا۔ اس کے بعد، آزاد نے اسی سال، نومبر میں البلاغ کے نام سے ایک نیا اخبار شائع کرنا شروع کیا۔ آزاد کی مقبولیت پورے ہندوستان میں بڑھ رہی تھی۔ ابوالکلام آزاد کے البلاغ نامی اس اخبار نے تنقید کی شدت کو مزید بڑھا دیا۔ ان کی سیاسی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے حکومت نے پہلے انہیں جلاوطن کیا اور پھر گرفتار کر لیا۔[9]

ابوالکلام، جو یکم جنوری 1920 تک جیل میں تھے، ایک ایسے سیاسی ماحول میں واپس آئے جس نے رہا ہوتے ہی برطانوی انتظامیہ کے خلاف غصے اور بغاوت کو جنم دیا۔ ہندوستانی عوام نے 1919 میں Rowlatt Act کی منظوری پر ردعمل کا اظہار کیا، جس نے افراد کے حقوق اور آزادیوں کو محدود کر دیا۔ اس ردعمل کو دبانے کے لیے برطانوی حکومت نے ہزاروں کارکنوں کو گرفتار کیا اور کئی اخبارات اور رسائل بند کر دیے۔ 13 اپریل 1919 کو امرتسر کے جلیاں والا باغ میں غیر مسلح شہریوں کے قتل نے پورے ہندوستان میں غم وغصے کو جنم دیا۔ اسی دوران، پہلی جنگ عظیم میں سلطنت عثمانیہ کو شکست ہو رہی تھی، اس پر انھوں نے ہندوستانی خلافت کی تحریک میں شمولیت اختیار کی جس کا آغاز مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی برادران نے کیا اور بنگال خلافت کانگریس کے چیئرمین بن گئے۔ اور ان کا شمار تحریک خلافت کے اہم نمائندوں میں ہونے لگا۔ مہاتما گاندھی کے ساتھ مل کر، وہ انگریزوں کے خلاف بڑھتی ہوئی تحریک میں شامل ہوئے۔[10]

ابوالکلام آزاد، 1923 میں انڈین کانگریس پارٹی کے چیئرمین بنے۔ وہ 1940 میں دوسری بار پارٹی کے چیئرمین منتخب ہوئے اور 1946 تک اس عہدے پر رہے۔ تاہم انھوں نے اس مدت کے تین سال (1945-1942) دوبارہ جیل میں گزارے۔

ابوالکلام آزاد جو کہ تقسیم ہند کے سخت مخالف تھے، ایک علیحدہ پاکستانی ریاست کے قیام کے خیال کو مسلمانوں کے مجموعی طور پر ہندوستان سے دستبردار ہونے کے مترادف سمجھتے تھے۔ ابوالکلام آزاد 1947 میں قائم ہونے والی پہلی آزاد ہندوستانی حکومت میں وزیر تعلیم بنے اور 22 فروری 1958 کو اپنی وفات تک اسی عہدے پر رہے۔ ان کا مقبرہ نئی دہلی میں واقع ہے۔[11]

## ان کے خیالات

ابوالکلام آزاد بیسویں صدی میں ہندوستان کی تاریخ کی سب سے اہم شخصیات میں شامل رہے ہیں جو اپنے Pan-Islamist افکار

9 Qureshi, *Pan-Islam In British India*, 179.

10 Abul Kalam Azad, *India Wins Freedom*, (Delhi: Orient Longman Limited, 1988), 90.

11 Zekai Kardas, "Ebu'l Kelam Azad ve El-Hilal Gazetesi Çerçevesinde Türkiye ve Türkler", Doktora Tezi, İ.Ü. Sosyal Bilimler Enstitüsü, 2011, 20.

اور ہندوستان کی آزادی کے لیے اپنی سرگرم جدوجہد کے ساتھ ہیں۔ انھوں نے جو عرفی نام «آزاد» استعمال کیا ہے وہ مظلوم قوموں کی جدوجہد آزادی کے بارے میں ان کے نقطہ نظر کی عکاسی کرتا ہے اور ساتھ ہی اس کا اظہار بھی کرتا ہے کہ وہ اپنی فکر کی دنیا میں کس سطح پر پہنچ چکے ہیں۔ آزاد، جنھوں نے سلطنت عثمانیہ اور خلافت کی بڑی ہمت سے حمایت کی، ترکی جمہوریہ کے قیام کی تعریف کرنے والوں میں بھی شامل تھے۔ وہ خلافت کے خاتمے کو دوہرایت کا خاتمہ سمجھتے تھے۔ ان کے مطابق، خلیفہ کی سیاسی اور مذہبی اتھارٹی ایک مکمل ہے اور عیسائی دنیا میں پوپ کی طرح نہیں ہے۔ خلافت کی اصل بنیاد وکالت ہے، اور اس وکالت کی نمائندگی کسی شخص کی طرف سے ضروری نہیں ہے۔ سب سے طاقتور مسلم ریاست، قدرتی طور پر خلافت کی باگ ڈور سنبھال سکتی ہے۔ اس لیے خلافت ابھی تک ترک ریاست کے ہاتھ میں ہے۔[12] خلافت کے خاتمے کا فیصلہ صرف ایک خاندان سے اس وکالت کو لینا ہے۔ اسی مناسبت سے آزاد نے یہ تجویز بھی پیش کی کہ جمہوریہ ترکی کے سربراہان مملکت کو بطور خلیفہ قبول کیا جائے۔ انہوں نے آزاد جمہوریہ ہند اور ترکی کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے کام کیا اور ہندوستانی حکومت کی جانب سے پہلے ہندوستان-ترکی ثقافتی معاہدے پر دستخط کئے۔ مذہبی اور روایتی شکل کے ساتھ، وہ یقینی طور پر شمالی افریقہ اور مغربی ایشیا میں جدیدیت کے رجحانات سے واقف تھے۔ شمالی افریقہ کے اپنے سفر کے دوران وہ Young Turks کے ایک گروپ سے ملے اور ان کے خیالات سے بہت متاثر ہوئے۔ ایک بار پھر 1923 میں، انہوں نے کانگریس پارٹی کے صدارتی انتخابات میں اپنی تقریر میں مصطفیٰ کمال کا حوالہ دیا۔[13]

آزاد جمال الدین افغانی کے پان اسلامک نظریات سے بھی متاثر تھے۔ افغانی نے کہا کہ آج عالم اسلام کو جن مسائل کا سامنا ہے وہ سیاسی اتحاد کے فقدان سے پیدا ہوا ہے۔ اسلامی قانون کی تعبیر، اسلامی اداروں کی تشکیل نو صرف ایک پان اسلامی معاشرے میں ممکن تھی اور یہ معاشرہ ایک واحد اور عالمگیر خلیفہ کی علامتی حکمرانی کے تحت ہوگا۔ اس مقصد کے لیے آزاد نے ہفتہ وار رسالوں الہلال اور البلاغ میں مضامین کا ایک سلسلہ شائع کیا ہے۔ انہوں نے کانفرنسوں میں پان اسلام ازم کے موضوع پر بہت زیادہ بات کی۔[14]

1919 میں ایک سیاسی تنظیم علمائے ہند کے نام سے قائم کی گئی۔ علمائے ہند کا ایک مقصد گاندھی کی قیادت میں انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ سیاسی ہم آہنگی حاصل کرنا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے بعد، خلافت اور ہندوستانی قوم پرستی کے درمیان، ایک نامیاتی بندھن قائم کیا گیا جو دوسری جنگ عظیم سے پہلے تک قائم رہا اور ہندوستان کی آزادی کے لیے مسلم ہندو تعاون کو یقینی بناتا تھا۔ اس کے فوراً بعد، آزاد کے دو قریبی دوستوں، مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی نے، ہندوستانی خلافت کمیٹی قائم کی۔ تحریک خلافت کا بنیادی مقصد معاہدہ Sèvres کے نفاذ کو روکنا تھا۔ اگر معاہدہ Sèvres پر عمل درآمد ہوگیا تو ترکی نہ صرف مسلمانوں کی بہت سی زمینیں چھوڑ دے گا بلکہ اس کا اپنا ملک بھی ٹوٹ جائے گا۔[15]

ابوالکلام آزاد نے بھی تحریک خلافت میں شمولیت اختیار کی اور اس تحریک کے سرکردہ نمائندوں میں سے ہو گئے۔ انھوں نے اپنے خیالات کی بنیاد جمال الدین افغانی کے خیالات پر رکھی۔[16]+-

12 Imdad Sabri, *Imam-ul-Hind Maulana Azad*, (Karachi: Maktaba Rashidiyia, 1986), 58.

13 Farooqi, *Mughal-Ottoman Relations: A Study of Political and Diplomatic Relations Between Mughal India and the Ottoman Empire 1556-1748*, 223.

14 Qureshi, *Pan-Islam In British India*, 290.

15 Kardaş, "Ebu'l Kelam Azad ve El-Hilal Gazetesi Çerçevesinde Türkiye ve Türkler", 21.

16 Henderson Douglas, *Abul Kalam Azad, An Intellectual and Religious Biography*, 29.

## آزادی کے اخبارات اور الہلال

ہندوستان کی تاریخ میں اس دور میں جن اخبارات نے اپنا سکہ منوایا اور تاریخ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا، ان میں سرفہرست

چند اخبارات کچھ یوں ہیں:

۱۔ الہلال، جو کہ مولانا ابوالکلام آزاد نے شائع کیا۔

۲۔ زمیندار، جس کی اشاعت مولانا ظفر علی خان نے کی۔

۳۔ کامریڈ، جس کی اشاعت مولانا محمد علی جوہر کی جانب سے ہوئی۔

ان کے لئے "آزادی کے اخبارات" کی تعبیر استعمال کرنا کافی مناسب ہوگا۔[17]

زمیندار کو پہلی بار ہفتہ وار بنیادوں پر جون 1903 میں مولانا ظفر علی خان کے والد مولانا سراج الدین احمد نے شائع کیا۔ زمیندار کا اصل مقصد زمینداروں اور کسانوں کے بارے میں خبریں شائع کرنا تھا۔ اپنے والد کی وفات کے بعد، مولانا ظفر علی خان نے زمیندار کا انتظام سنبھالا، جس کی تعدادِ اشاعت اس عرصے میں تقریباً 2000 تھی، اور اخبار کے مواد کو تبدیل کر کے ہندوستانی مسلمانوں کے بارے میں خبریں شائع کرنا شروع کر دیں۔ اس تبدیلی کے ساتھ، مسلم عوام کی طرف سے زمیندار میں دلچسپی بڑھ گئی۔ طرابلس کی جنگ کے آغاز میں، مولانا ظفر علی خان نے ہفتہ وار زمیندار کو روزانہ شائع کرنے کا فیصلہ کیا، اور انھوں نے جنگ کی خبریں بڑی احتیاط اور تفصیل کے ساتھ شائع کرنا شروع کیں۔ انھوں نے غیر ملکی خبر رساں ایجنسیوں جیسے رائٹرز اور ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کو سبسکرائب کر کے اپنے خبروں کے ذرائع کو بڑھایا۔ اس تناظر میں، زمیندار غیر ملکی پریس ایجنسیوں سے خبریں فراہم کرنے والا پہلا اردو اخبار بن گیا۔ ظفر علی خان جو کہ ایک عالم اور خطیب بھی تھے، اخبار کے اداریے کے علاوہ مختلف موضوعات پر مضامین بھی لکھتے تھے۔ انھوں نے جن موضوعات کے بارے میں بات کی وہ ملک کے مسلمانوں کی طرف سے سراہے جانے لگے۔[18]

14 مارچ 1878 کو حکومت کی طرف سے «Local Press Act» نافذ کیا گیا۔ اس قانون کا مقصد برطانوی حکومت کے خلاف کی جانے والی «اشتعال انگیز» نشریات کو روکنا تھا۔ اس قانون کی بنیاد پر مسلم اخبارات بالخصوص اردو میں شائع ہونے والے اخبارات پر اپنی گرفت کو سخت کر دیا گیا۔ قانون کی منظوری کے فوراً بعد، اخباری اشاعتوں میں نشاندہی کیے گئے 159 مقدمات کو عدالت میں بھیج دیا گیا۔ تاہم اس قانون کا اصل ہدف اردو میں اشاعت کرنے والی مسلم صحافت تھی جو اس وقت مقامی طور پر سب سے زیادہ قارئین تک پہنچتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ مقامی طور پر کام کرنے والے حکومت نواز ہندوؤں کے اخبارات کو اس دائرہ کار سے باہر رکھا گیا۔[19]

مسلم پریس کے سب سے زیادہ بااثر اخبارات میں سے ایک، جس نے ہندوستان میں آزادی کی سرگرمیوں کے دوران اہم کردار ادا کیا، ابوالکلام آزاد کا شائع کردہ اردو الہلال ہے۔ 13 جولائی 1912 کو کولکتہ سے ہفتہ وار شائع ہونے والے اس اخبار نے اپنے پہلے شمارے سے ہی برطانیہ کی اسلام اور عثمانی پالیسیوں پر تنقید شروع کر دی۔ الہلال کا ایک اور مقصد ہندوستانی مسلمانوں کی مذہب

17 Janab Qutbullah, *Maulana Azad Ka Nazariya Sahafat*, (Lucknow: Uttar Pradesh Urdu Academy, 1988), 112.

18 Kardaş, "Ebu'l Kelam Azad ve El-Hilal Gazetesi Çerçevesinde Türkiye ve Türkler", 22.

19 Abul Kalam Azad, *Azad ki Kahani Khud Azad ki Zabani*, ed. Abdur Razzaque Malihabadi, (Lahore: Hali Publishing House, 1958), 51.

کے بارے میں اپنی سمجھ کو درست کرنے میں مدد کرنا تھا۔ ابوالکلام آزاد نے اخبار کی اشاعت کی وجہ یوں بیان کی: ''مشرق وسطیٰ کے اپنے سفروں کے دوران، عرب اور ترکی کے انقلابیوں سے ملاقات ہوئی، اور ان سے متاثر ہوکر میں سمجھا تھا کہ ہندوستان کی آزادی کے لیے کام کرنا ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک نئی تحریک شروع کی جائے، اس کے لیے اخبار نکالنا ضروری تھا۔[20]

اٹھارہ سے بیس صفحوں کے درمیانے سائز میں شائع ہونے والے الہلال کو بڑی احتیاط سے چھاپا گیا۔ اس کے استعمال کردہ فونٹس اور صفحہ کے ڈیزائن کے لحاظ سے، اسے اس طرح سے چھاپا گیا تھا جو اس دور کے اخبارات کے مقابلے میں عوام کے لیے زیادہ جاذبِ نظر اور پرکشش ہو۔ آزاد کے الفاظ میں الہلال کو اس کے مواد کے ساتھ ساتھ اس کی ظاہری شکل کے طور پر ایک مضبوط اخباری صورت دینا چاہیے تھا۔[21]

الہلال کی سرکولیشن فی ہفتہ 10،000 کاپیاں تک پہنچ چکی تھی، یہ ایک بے مثال گردشی اعداد و شمار ہے، جس نے ثابت کیا کہ یہ طرز بظاہر نفرت کے باوجود اردو میں کرنسی حاصل کر سکتی ہے۔ صفحوں کو برابری طور پر دو کالموں میں تقسیم کیا گیا تھا، اور ایک دی گئی لائن کے الفاظ تقریباً ایک جیسے تھے اور اس سے صفحات کو ایک ہم آہنگ شکل ملی تھی۔[22]

اخبار کا ڈسپلے بنیادی طور پر بصری مواد۔ تصویروں، گرافکس، عکاسیوں، نقشوں اور چارٹس سے تشکیل دیا گیا تھا۔ الہلال کی آمد سے پہلے اردو جرائد میں تصاویر کا استعمال مشکل سے ہوتا تھا۔ تصویروں کی کمی اخبارات کو اناڑی شکل دے رہی تھی۔ الہلال بہت سے پہلوؤں کے لحاظ سیاسی نوعیت کا اولین اخبار تھا۔ تصویروں کا کثرت سے استعمال ان میں سے ایک ہے۔ آزاد نے جنگ کی تازہ ترین تصویریں حاصل کرنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے اور ہمیشہ ممتاز مسلم مفکرین اور علماء کی تصاویر شائع کیں۔[23] انہوں نے الہلال کے ہر شمارے میں کم از کم 4 سے 6 کالم تصاویر شائع کرنے کا عزم کیا۔ الہلال میں شائع ہونے والی تصاویر بالکل واضح تھیں کیونکہ مولانا نے تصویروں کے بلاکس بنانے میں آدھے ٹون کی تکنیک کا استعمال کیا۔ اس سلسلے میں وہ لکھتے ہیں:

ہم نے آدھے ٹون پرنٹ کرنے کے لیے ایک نئی مشین خریدی اور ہم الگ الگ تصاویر شائع بھی کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ، اس مقصد کے لئے ہمیں ایک ڈبل کراؤن مشین ملی۔ ہم جلد ہی رنگین تصاویر شائع کرنا شروع کر دیں گے۔ اور ہم جو سیاہی استعمال کرتے ہیں وہ بہترین معیار کی ہے۔ (الہلال، 13 جولائی 1913)[24]

تصویروں کے استعمال پر آزاد کا ارادہ واضح کرتا ہے کہ وہ اخبار کے صفحے کے پیشہ ورانہ سنگار سے پوری طرح واقف تھے۔ تصویروں کا استعمال، ساتھ والی خبر کو اعتبار دیتا ہے اور نامور شخصیات کی تصاویر لوگوں کو ان کی تقلید کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ مولانا آزاد چونکہ صحافت کے پیشہ ورانہ ڈھانچے سے معقول واقفیت رکھتے تھے، اس لیے انھوں نے نہ صرف مواد، پرنٹنگ ٹیکنالوجی اور ڈسپلے کے

20 S.M.H Burney, "Journalistic Career", *in India's Maulana*, ed. Syeda Saiyidain Hameed, (Indian Council for Cultural Relations), 252.

21 Abdul Qavi Dasnavi, "Azad Vadi-e-sahafat Me", *Aiwan-e-Urdu: Maulana Abul Kalam Azad Number*, (December 1988), 78.

22 Burney, "Journalistic Career", 253.

23 Malikzada Manzoor Ahmad, *Maulana Abul Kalam Azad Fikr-o-Fun*, (Lucknow: Naseem Book Deepo, 1978), 34.

24 Abul Kalam Azad, *Al-Hilal*, (Calcutta: 13 July 1913).

اصولوں پر توجہ دی بلکہ اشتہارات کی اشاعت کے لیے ایک پیشہ ور ضابطہ بھی مرتب کیا۔[25] اشتہارات صحافت کا لازمی حصہ ہیں۔ کوئی بھی اخبار مناسب اشتہاری آمدنی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا تھا۔ ملک کا پہلا روزنامہ Hickey's Gazette (کلکتہ، 1780) خبروں کی ترسیل سے زیادہ اشتہارات سے متعلق تھا۔ اشتہارات پیسہ اکٹھا کرنے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔ ابتدائی اردو اخبارات نے شاید ہی اشتہارات پر توجہ دی اور بعض نامور افراد جنھوں نے اخبارات کا آغاز کیا وہ اشتہارات کو حقیر سمجھتے تھے۔[26]

یہاں تک کہ سرسید کا ماننا تھا کہ اشتہارات کی اشاعت سے ان قارئین کے حق کی خلاف ورزی ہوتی ہے جو خبریں حاصل کرنے کے لیے اخبارات کا حصہ بنتے ہیں۔

مولانا آزاد اس بات سے پوری طرح واقف تھے کہ اشتہارات کس طرح اخبار کو فروغ دے سکتے ہیں۔ الہلال کے احاطے کیصفحے پر اشتہارات پر ایک تفصیلی نوٹ تھا جو واضح طور پر اس کے پیشہ ورانہ علم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ کہا جاتا ہیکہ اشتہار کی تیاری اور اس کی اشاعت یورپ میں ایک مکمل فن ہے۔[27]

الہلال کی اشاعت ہندوستان میں اردو پریس کے لیے ایک اہم موڑ تھی اور بہت ہی کم وقت میں اس نے اپنا اثر دکھایا اور مسلم کمیونٹی میں اس کی پیروی کی گئی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی، موجودہ مذہبی تفہیم کو تبدیل کرنے کی کوششوں کی وجہ سے، اسے روایت پسند مسلم طبقہ کی طرف سے ردعمل ملا، یہاں تک کہ جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ اس پر برطانوی حکومت اور اس کے برطانوی حامیوں کا ردعمل بھی آیا۔ اس سے الہلال کی مانگ میں مزید اضافہ ہوا، اور اس کی گردش دو سالوں میں 25،000 سیاوپر بڑھ گئی۔ اردو صحافت میں یہ ایک بے مثال اعلیٰ گردش تھی۔ حالات سے پریشان برطانوی ہندوستانی حکومت نے اخبار کو ڈرانے کے لیے 2000 اور پھر 10000 روپے جمع کرانے کا مطالبہ کیا اور پھر ان روپوں کو ضبط کر لیا۔ جب پہلی جنگ عظیم شروع ہوئی تو الہلال نے مزید سخت مضامین شائع کرنا شروع کیے اور حکومت کے تمام تر دباؤ کے باوجود عثمانیوں کے حق میں مضامین شائع کیے۔[28] 1914ء میں ابوالکلام آزاد نے اسی اخبار کو اس بار البلاغ کے نام سے شائع کرنا چاہا، لیکن چند مسائل کے بعد حکومت نے ہندوستان کی سلامتی کا بہانہ پیش نظر کرتے ہوئیاس کی اجازت نہ دی اور ابوالکلام آزاد کو جلاوطنی کر دیا۔

الہلال، جو کہ عام طور پر ابوالکلام آزاد کے سیاسی خیالات کی عکاسی کرتے ہوئے شائع ہوا، اس میں اکثر قارئین کے خطوط بھی شامل تھے۔ اس اخبار نے برطانوی استعمار پر اپنی اشاعتوں اور سلطنت عثمانیہ کی حمایت سے اپنا بنیادی اثر ڈالا۔

اس تناظر میں، تقریباً ہر شمارے میں عثمانی ملک اور سیاستدانوں کی چند تصویریں تھیں۔ خاص طور پر جنگ طرابلس، بلقان کی جنگوں اور پہلی جنگ عظیم کے دوران ترکوں کے بارے میں بہت ساری اشاعتیں ہوئیں۔ اخبار میں باقاعدگی سے سلطنت عثمانیہ اور ترکوں کے بارے میں خبریں شائع ہوتی تھیں جن میں قسطنطنیہ میں ہجوم وتصادم احزاب، ناموران غزوۂ طرابلس، میدانِ جنگ سے تار، بلقان جنگ کے ہیرو شوئون عثمانیہ جیسی سرخیاں تھیں۔[29]

25 *Maulana Azad Ka Nazariya Sahafat*, 211.
26 Burney, "Journalistic Career", 122.
27 Dasnavi, "Azad Vadi-e-sahafat Me", 156.
28 Ravindra Kumar, "Maulana Azad: A Journalist and an Editor", *Azad Academy Journal*, (Lucknow, April), 151.
29 Kardaş, "Ebu'l Kelam Azad ve El-Hilal Gazetesi Çerçevesinde Türkiye ve Türkler", 56.

## نتیجہ

واضح رہے کہ آزاد کی صحافت سے وابستگی وسیع تھی۔ اپنے صحافتی کیریئر کے پہلے 15 سالوں میں ان کی تحریروں نے سیاسی سوچ پر گہرا اثر ڈالا اور لوگوں کو استعمار کے خلاف آزادی کی جنگ کے لیے متحرک کیا۔ دیوبندی مولانا محمود الحسن دیوبندی نے آزاد کے مسلمانوں پر واجب الادا قرض کا اعتراف کیا۔ «ہم اس حقیقی راستے کو بھول چکے تھے جس پر الہلال ہمیں واپس لایا تھا»۔

مارچ 1940 میں رام گڑھ میں انڈین نیشنل کانگریس کے سالانہ اجلاس میں اپنے صدارتی خطاب میں آزاد نے کہا:

''میں نے 1912 میں الہلال کا آغاز کیا اور اپنی رائے ہندوستان کے مسلمانوں کے سامنے رکھا۔ مجھے آپ کو یاد دلانے کی ضرورت نہیں ہے کہ میرا مشورہ سنایا گیا اور اس پر عمل کیا گیا۔ 1912 سے 1916 تک کے عرصے نے مسلمانوں کی سیاسی بیداری کے ایک نئے دور کی نشاندہی کی۔

اوپر سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ آزاد ایک ماہر صحافی تھے۔ اس نے کامیابی سے کم از کم نصف درجن اخبارات کی ایڈیٹنگ کی۔ دو اخبارات الہلال اور البلاغ ان کی متحرک صحافت کی بہترین مثالیں ہیں۔ ان اخبارات کے ذریعے مسلمانوں کے سیاسی رویے کی نوعیت بدل دی اور انہیں استعمار مخالف جدوجہد میں شامل کیا۔

---

**Hakem Değerlendirmesi:** Dış bağımsız.

**Çıkar Çatışması:** Yazar çıkar çatışması bildirmemiştir.

**Finansal Destek:** Yazar bu çalışma için finansal destek almadığını beyan etmiştir.

**Peer-review:** Externally peer-reviewed.

**Conflict of Interest:** The author has no conflict of interest to declare.

**Grant Support:** The author declared that this study has received no financial support.

---

## Kaynakça/References

Ahmad, Malikzada Manzoor. *Maulana Abul Kalam Azad Fikr-o-Fun*. (Lucknow: Naseem Book Deepo, 1978).

Azad, Abul Kalam. *Al-Hilal*. (Calcutta: 1912-1913).

Azad, Abul Kalam. *Azad ki Kahani Khud Azad ki Zabani*. ed. Abdur Razzaque Malihabadi. (Lahore: Hali Publishing House, 1958).

Azad, Abul Kalam. *India Wins Freedom*. (Delhi: Orient Longman Limited, 1988).

Bedar, Abid Raza. *Maulana Abul Kalam Azad*, (Rampur: Institute of Oriental Studies, 1968).

Burney, S.M.H. "Journalistic Career". *in India's Maulana*. ed. Syeda Saiyidain Hameed. (Delhi: Indian Council for Cultural Relations, 1990).

Dasnavi, Abdul Qavi. "Azad Vadi-e-sahafat Me". *Aiwan-e-Urdu: Maulana Abul Kalam Azad Number*. (December, 1988).

Farooqi, Naimur Rahman. *Mughal-Ottoman Relations: A Study of Political and Diplomatic Relations Between Mughal India and the Ottoman Empire 1556-1748.* (Delhi, India: Idarah-i Adabiyat-i Delli,1989).

Henderson Douglas, Ian. *Abul Kalam Azad, An Intellectual and Religious Biography*. ed. Gail Minault-Christian W. Troll. (Delhi: Oxford University Press, 1993).

Kardaş, Zekai. "Ebu'l Kelam Azad ve El-Hilal Gazetesi Çerçevesinde Türkiye ve Türkler". Doktora Tezi. İ.Ü. Sosyal Bilimler Enstitüsü, 2011.

Kumar, Ravindra. "Maulana Azad: A Journalist and an Editor". *Azad Academy Journal*. (Lucknow: 2012).

Qureshi, M. Naeem. *Pan-Islam In British India*. (England: Oxford University Press, 2009).

Qutbullah, Janab. *Maulana Azad Ka Nazariya Sahafat*. (Lucknow: Uttar Pradesh Urdu Academy, 1988).

Ram, Malik. *Kuch Abul Kalam Azad ke Bare Mein*. (New Delhi: Maktaba Jamia, 1989).

Sabri, Imdad. *Imam-ul-Hind Maulana Azad*. (Karachi: Maktaba Rashidiyia, 1986).